Cancer and coronavirus: Urdu

# کینسر اور کورونا وائرس

اگر آپ کو کینسر ہے تو یہ معلومات کورونا وائرس کے بارے میں ہیں۔ کچھ ایسے اقدامات ہیں جو آپ خود کو اور دوسروں کو کورونا وائرس سے بچانے کے لیے کر سکتے ہیں۔ کورونا وائرس کی ویکسین کے بارے میں بھی معلومات موجود ہیں۔

اگر ان معلومات کے متعلق آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو آپ جس ہسپتال میں زیرِ علاج ہیں اس کے ڈاکٹر یا نرس سے پوچھیں۔

آپ ہفتے کے 7 دن، صبح 8 سے شام 8 بجے تک فری فون **0808 808 00 00** پر میک ملن کینسر سپورٹ (Macmillan Cancer Support) کو بھی کال کر سکتے ہیں۔ ہمارے پاس ترجمان موجود ہیں، لہٰذا آپ ہمارے ساتھ اپنی مادری زبان میں بات کر سکتے ہیں۔ جب آپ ہمیں کال کریں، تو ہمیں انگریزی میں بتائیں کہ آپ کو کس زبان میں بات کرنی ہے (بولیں "اردو")۔

ہمارے پاس کورونا وائرس کے بارے میں مزید معلومات ہماری ویب سائٹ **macmillan.org.uk/coronavirus** پر موجود ہیں

## یہ معلومات درج ذیل کے متعلق ہیں:

- کورونا وائرس کیا ہے؟
- اگر مجھے کینسر ہے تو کیا ہو گا؟
- میرے کینسر کے علاج کا کیا ہو گا؟
- کورونا وائرس کی ویکسین کیا ہے؟
- میک ملن (Macmillan) آپ کی کیسے مدد کر سکتی ہے
- الفاظ کی فہرست
- آپ کی زبان میں مزید معلومات
- حوالہ جات اور تشکرات

## کورونا وائرس کیا ہے؟

کورونا وائرس کو بعض اوقات کووِڈ-19 بھی کہا جاتا ہے۔ یہ ایک ایسا وائرس ہے جو آپ کے پھیپھڑوں کو متاثر کر سکتا ہے۔ اس وائرس سے آپ کو پھیپھڑوں کا انفیکشن ہو سکتا ہے جو آپ کو بہت زیادہ بیمار کر سکتا ہے۔ کچھ لوگ اس سے مر بھی جاتے ہیں۔

### لوگوں کو کورونا وائرس کیسے ہوتا ہے؟

وائرس ایک شخص سے دوسرے شخص میں پھیلتا ہے۔ اگر آپ وائرس میں مبتلا کسی شخص کے قریب ہیں تو آپ کو یہ لگ سکتا ہے۔ وائرس والی سطح کو چھونے سے بھی آپ کو یہ لگ سکتا ہے۔

**کورونا وائرس سے مجھے کیسا محسوس ہو گا؟**

اگر آپ کو کورونا وائرس ہے، تو آپ علیل ہو سکتے ہیں۔ آپ میں درج ذیل علامات ہو سکتی ہیں:

- نہ رُکنے والی کھانسی ہو سکتی ہے
- زیادہ درجہ حرارت (37.5°C [99.5°F] سے زیادہ) کے ساتھ بخار یا کپکپی محسوس ہو سکتی ہے
- صحیح طرح سے مہک یا بُو یا ذائقہ محسوس نہیں کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو کینسر ہے اور آپ کی طبیعت ناساز ہے، تو مشورے کے لیے فوراً اپنے کینسر کے ڈاکٹر یا ہسپتال کو فون کریں۔

کورونا وائرس سے متاثرہ کچھ افراد کی طبیعت ناساز نہیں ہوتی ہے۔ وہ پھر بھی دیگر افراد میں وائرس پھیلا سکتے ہیں۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو کورونا وائرس ہے تو آپ کو گھر میں ہی رہنا چاہیے۔ یہ آپ کو دوسروں تک کورونا وائرس پھیلانے سے روکنے کے لیے ہے۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو کورونا وائرس ہے تو اپنے ڈاکٹر کو بتائیں۔

**اگر مجھے کورونا وائرس ہے تو مجھے کیسے پتہ چلے گا؟**

آپ ایک مفت ٹیسٹ کروا سکتے/سکتی ہیں جو آپ کو بتائے گا کہ آیا آپ کو کورونا وائرس ہے یا نہیں۔ ایک تربیت یافتہ شخص آپ کا ٹیسٹ کرے گا یا آپ گھر پر ٹیسٹ بھی کروا سکتے/سکتی ہیں۔ آپ دیگر زبانوں میں ہدایات کے ساتھ بھی گھر پر ٹیسٹ کروا سکتے/سکتی ہیں۔ ٹیسٹ کے لیے، وہ عموماً آپ کے گلے کے پچھلے حصہ اور ناک میں نمونے لینے کے لیے جاذب پٹی لگاتے ہیں۔ جاذب پٹی روئی کے ایک لمبے ٹکڑے کی طرح لگتی ہے۔

علامات ظاہر ہونے کے دنوں کے دوران ہی آپ کا ٹیسٹ کرنے کی ضرورت ہو گی۔ ٹیسٹ کرنے کے قوانین درج ذیل ممالک میں مختلف ہیں:

- انگلینڈ – مزید معلومات کے لیے www.gov.uk ملاحظہ کریں
- سکاٹ لینڈ – مزید معلومات کے لیے www.gov.scot ملاحظہ کریں
- ویلز – مزید معلومات کے لیے www.gov.wales ملاحظہ کریں
- شمالی آئر لینڈ – مزید معلومات کے لیے www.publichealth.hscni.net ملاحظہ کریں

آپ کو اپنے نتائج 1 سے 3 دن میں موصول ہو جانے چاہیے۔ اگر آپ اپنے نتائج حاصل کرنے کے بعد پریشان ہیں تو آپ اپنے احساسات کے بارے میں کسی سے بات کر سکتے ہیں۔

## اگر مجھے کینسر ہے تو کیا ہو گا؟

اگر آپ کو کینسر ہے، اور آپ کو کورونا وائرس ہو جاتا ہے تو آپ کے بہت زیادہ علیل ہونے کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔

جسم کے وہ حصے جو وائرس اور انفیکشن سے لڑتے ہیں انہیں مدافعتی نظام کہتے ہیں۔ کینسر کی کچھ اقسام اور ان کے علاج آپ کے مدافعتی نظام کو کمزور کر سکتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ آپ کا جسم کورونا وائرس سے صحیح طرح سے مقابلہ نہ کر سکے۔

**اگر مجھے کینسر ہے تو میں اپنی حفاظت کیسے کر سکتا/سکتی ہوں؟**

اپنی حفاظت کے لیے آپ چند اقدامات کر سکتے ہیں:

- جب آپ کو مہیا کی جائے تو کورونا وائرس کی ویکسین لگوائیں
- جب آپ دیگر افراد کے ساتھ یا گھر سے باہر ہوں تو ماسک پہنیں۔ اسے آپ کے منہ اور ناک کو ضرور ڈھانپنا چاہیے۔
- پُر ہجوم مقامات سے گریز کریں
- لوگوں کے قریب مت کھڑے ہوں اور 2 میٹر کا فاصلہ برقرار رکھنے کی کوشش کریں
- اپنے ہاتھوں کو متعدد مرتبہ صاف کریں
- اگر آپ گھر کے اندر ایسے افراد کے ساتھ ہیں جو آپ کے اہلِ خانہ میں سے نہیں ہیں تو تازہ ہوا کے لیے دروازوں اور کھڑکیوں کو کھلا رکھیں

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو کورونا وائرس ہے تو ٹیسٹ بُک کرائیں۔

**حفاظت کرنا**

عالمگیر وباء کے آغاز میں کچھ لوگوں کو اپنی حفاظت کرنے کے لیے کہا گیا تھا۔ اس کا مطلب ہر وقت گھر کے اندر رہنا اور دوسرے لوگوں سے دور رہنا ہے۔ یہ مخصوص بیماریوں والے افراد کو محفوظ رکھنے کے لیے تھا جنہیں اگر کورونا وائرس ہو جاتا تو وہ بہت زیادہ علیل ہو سکتے تھے۔

اب حفاظت کرنے کا مشورہ نہیں دیا جاتا ہے۔ لیکن جو لوگ اپنی حفاظت کر رہے تھے انہیں محتاط رہنا چاہیے اور اپنی حفاظت جاری رکھنی چاہیے۔ اس میں ویکسینیشن کروانا اور اپنے مقامی علاقہ کے حوالے سے کسی پیشہ ورانہ رہنمائی کا جائزہ لینا شامل ہے۔ آپ انٹرنیٹ پر تازہ ترین قواعد تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کو مختلف زبانوں اور ترتیب بندی میں قواعد اور مشورہ حاصل کرنے کے قابل ہونا چاہیے۔

کچھ لوگ حفاظت کرنا جاری رکھ سکتے ہیں ، دیگر کو یہ چھوڑ کر افاقہ حاصل ہو جاتا ہے۔ یہ ایک ذاتی انتخاب ہے جس کے لیے آپ اپنے بارے میں سوچ سکتے اور اپنے قریبی افراد سے تبادلہ خیال کر سکتے ہیں۔

**میں اپنی دیکھ بھال کیسے کر سکتا/سکتی ہوں؟**

اگر آپ کو کینسر ہے تو اپنی صحت کی دیکھ بھال کرنا بہت ضروری ہے۔ یہ آپ کے مدافعتی نظام کو مضبوط بنا سکتا ہے۔ یہ کینسر کے علاج سے بہتر طور پر نمٹنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ کرنے والے بہترین کام یہ ہیں:

- صحت بخش غذا کھائیں
- بہت زیادہ پانی یا دیگر مشروبات پیئیں
- اپنے جسم کو حرکت دیتے رہیں
- مناسب آرام کریں
- اپنے احساسات کے بارے میں دیگر افراد سے بات کریں۔

صحت بخش غذا کھانے کے بارے میں ہمارے پاس آپ کی زبان میں مزید معلومات **macmillan.org.uk/translations** پرموجود ہیں

## میرے کینسر کے علاج کا کیا ہو گا؟

آپ کینسر کا علاج کرانے کے بارے میں پریشان ہو سکتے ہیں لیکن آپ کو منصوبہ بندی کے مطابق اپنا علاج کروانا چاہیے۔ اگر آپ اس بارے میں پریشان ہیں، تو اپنے ڈاکٹر اور نرس سے بات کریں۔

ممکن ہے کہ آپ کسی معائنہ یا ٹیسٹ کے منتظر ہوں۔ کینسر ٹیمیں اب بھی:

- کینسر کی تشخیص کریں گی
- کینسر کا علاج کریں گی
- لوگوں کی ضرورت کے مطابق ان کی دیکھ بھال کریں گی۔

اگر آپ کا ہسپتال یا کلینک میں ٹیسٹ یا علاج چل رہا ہے تو آپ کو ماسک لازمی پہننا چاہیے۔ آپ کے علاج سے پہلے آپ کا کورونا وائرس کا ٹیسٹ کیا جا سکتا ہے۔

اگر آپ کا کینسر کا علاج ہو رہا ہے تو آپ ویکسین لگوانے کے متعلق پریشان ہو سکتے ہیں۔ ویکسین لگوانا محفوظ ہے۔ آپ کا ڈاکٹر ویکسین لگوانے کے صحیح وقت کے بارے میں آپ سے بات کر سکتا ہے۔ اگر آپ کے کینسر کے کچھ علاج چل رہے ہیں تو ممکن ہے کہ ویکسین بھی کام نہ کرے۔ لیکن یہ اب بھی آپ کو کورونا وائرس سے بچانے میں مددگار ثابت ہو گی۔

## کورونا وائرس کی ویکسین کیا ہے؟

ویکسین ایک ایسی دوا ہے جو آپ کو کسی بیماری سے محفوظ رکھنے میں مدد دیتی ہے۔ یہ ضروری ہے کہ آپ کورونا وائرس کی ویکسین لگوائیں کیونکہ اس سے آپ کے مدافعتی نظام کو آپ کی حفاظت کرنے میں مدد ملے گی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کورونا وائرس سے آپ کے بہت زیادہ علیل ہونے کے امکانات کم ہو جاتے ہیں۔

ڈاکٹر چاہتے ہیں کہ تمام بالغان ویکسین لگوائیں۔ اگر آپ کو کینسر ہے، تو آپ کو جلد از جلد ویکسین لگوانی چاہیے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر آپ کورونا وائرس ہو جاتا ہے تو آپ کے بہت زیادہ علیل ہونے کا خطرہ ہو گا۔ ڈاکٹروں نے یہ یقینی بنانے کے لیے ویکیسن کے ٹیسٹ کیے ہیں کہ یہ استعمال کے لیے محفوظ ہے۔

آپ کا ڈاکٹر آپ کو بتائے گا کہ آپ کب ویکسین لگوا سکتے ہیں۔ اپنے ڈاکٹر کے مشورے کے مطابق ویکسین لگوانا ضروری ہے۔

### مجھے ویکسین کیسے لگے گی؟

ڈاکٹر یا نرس آپ کو ویکیسن بطور انجکشن (ٹیکا) لگائے گا۔

آپ کو دو مرتبہ ویکسین لگے گی۔ آپ کو ویکسین کی دوسری خوراک پہلی خوراک کے 3 سے 12 ہفتوں کے بعد لگتی ہے۔

ویکسین کی پہلی خوراک لگنے کے 2 سے 3 ہفتوں کے بعد آپ کی حفاظت کرنا شروع کرتی ہے۔ ویکسین کی دوسری خوراک طویل عرصہ تک آپ کی حفاظت کرتی ہے۔ ویکسین کی دونوں خوراکیں لگوانا ضروری ہے۔

### مجھے ویکسین لگوانے کے بعد کیا ہو گا؟

ویکسین لگوانے کے بعد بھی آپ کو محتاط رہنے کی ضرورت ہو گی۔ ویکسین وائرس کے پھیلاؤ کو نہیں روک سکتی۔ لیکن اگر آپ کو کورونا وائرس لگ جاتا ہے تو ویکسین کو آپ کو زیادہ علیل ہونے سے بچانا چاہیے۔ اپنی ویکسین لگوانے کے بعد محفوظ رہنے کے لیے آپ کو ابھی بھی ان معلومات میں موجود اصولوں پر عمل پیرا ہونا چاہیے۔

## میک ملن (Macmillan) آپ کی کیسے مدد کر سکتی ہے

میک ملن (Macmillan) آپ اور آپ کے خاندان کی مدد کے لیے حاضر ہے۔ آپ درج ذیل سے مدد حاصل کر سکتے/سکتی ہیں:

- **میک ملن (Macmillan) سپورٹ لائن (00 00 808 0808)**۔ ہمارے پاس ترجمان موجود ہیں، لہٰذا آپ ہمارے ساتھ اپنی زبان میں بات کر سکتے/سکتی ہیں۔ آپ جو زبان استعمال کرنا چاہتے/چاہتی ہیں، ہمیں صرف انگریزی میں اس کا نام بتائیں۔ ہم آپ کے طبی سوالات کے جوابات دے سکتے ہیں، معاشی معاونت کے متعلق معلومات فراہم کر سکتے ہیں یا آپ کے احساسات کے متعلق بھی آپ سے بات چیت کر سکتے ہیں۔ فون لائن ہفتہ کے 7 دن، صبح 8 تا شام 8 بجے تک کھلی ہوئی ہے۔
- **میک ملن (Macmillan) کی ویب سائیٹ (macmillan.org.uk)**۔ ہماری سائٹ پر کینسر اور کینسر کے ساتھ زندگی گزارنے کے متعلق انگریزی زبان میں کافی معلومات موجود ہیں۔ اس کے بارے میں **macmillan.org.uk/translations پر دیگر زبانوں میں مزید معلومات موجود ہیں**
- **معلومات اور مدد کی خدمات**۔ کسی معلوماتی اور مدد کی خدمت پر، آپ کسی کینسر سپورٹ اسپیشلسٹ سے بات کر سکتے ہیں اور تحریری معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنا قریب ترین مرکز **macmillan.org.uk/informationcentres** پر تلاش کریں یا ہمیں کال کریں۔ آپ کے ہسپتال میں بھی مرکز موجود ہو سکتا ہے۔
- **مقامی مدد کے گروپ** – مدد کے کسی گروپ میں آپ ایسے دیگر افراد سے بات چیت کر سکتے ہیں جو کینسر سے متاثرہ ہوں۔ **macmillan.org.uk/supportgroups** پر جا کر اپنے ارد گرد کوئی گروپ تلاش کریں یا ہمیں کال کریں۔
- **میک ملن (Macmillan) آن لائن کمیونٹی** – آپ کینسر سے متاثرہ دیگر لوگوں سے macmillan.org.uk/community **پر آن لائن بھی بات کر سکتے ہیں**

## آپ کی زبان میں مزید معلومات

ہمارے پاس درج ذیل موضوعات کے متعلق آپ کی زبان میں معلومات موجود ہیں:

| کینسر کی اقسام | کینسر سے نمٹنا |
|---|---|
| • چھاتی کا کینسر<br>• بڑی آنت کا کینسر<br>• پھیپھڑوں کا کینسر<br>• پراسٹیٹ کینسر<br><br>**علاج**<br><br>• کیمو تھراپی<br>• ریڈیو تھراپی<br>• سرجری | • اگر آپ میں کینسر کی تشخیص ہو جائے – فوری رہنماء کتابچہ<br>• کھانے پینے کے مسائل اور کینسر<br>• زندگی کا اختتام<br>• مالی معاونت – فائدے<br>• مالی معاونت – اخراجات میں مدد<br>• صحت بخش غذاء<br>• تھکاوٹ (تھکن) اور کینسر<br>• کینسر کے علاج کے مضر اثرات<br>• آپ اپنی مدد کرنے کے لیے خود کیا کر سکتے ہیں |

یہ معلومات ملاحظہ کرنے کے لیے، درج ذیل پر جائیں **macmillan.org.uk/translations**

## حوالہ جات اور تشکرات

یہ معلومات میک ملن کینسر اسپورٹ (Macmillan Cancer Support) کی کینسر انفارمیشن ڈویلپمنٹ ٹیم کی جانب سے تحریر اور مرتب کی گئی ہیں۔ ترجمہ کرنے والی ایک کمپنی نے اس کا ترجمہ کیا ہے۔

شامل کردہ معلوماتکینسر اور کورونا وائرس کے بارے میں **macmillan.org.uk/coronavirus** پر موجود میک ملن (Macmillan) کی آن لائن معلومات کی بنیاد پر ہیں۔

یہ معلومات متعلقہ ماہرین اور ہمارے ڈاکٹر ٹم آئیوسن، کنسلٹنٹ آنکالوجسٹ اور میک ملن (Macmillan) کے چیف میڈیکل ایڈیٹر اور میک ملن (Macmillan) کی چیف میڈیکل آفیسر، روزی لوفٹس کی طرف سے تصدیق شدہ ہے۔

ہماری تمام معلومات دستیاب شدہ بہترین شواہد کی بنیاد پر ہیں۔ ہمارے استعمال کیے گئے ذرائع کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہم سے **cancerinformationteam@macmillan.org.uk** پر رابطہ کریں

MAC18794_Urdu

مواد پر نظرثانی: 2021

اگلی منصوبہ بند نظر ثانی: 2024

ہم یہ یقینی بنانے کے لیے بھرپور کوشش کرتے ہیں کہ ہماری فراہم کردہ معلومات درست ہوں مگر تسلسل کے ساتھ تبدیل ہونے والی طبی تحقیق کی تازہ ترین صورت حال کے پیش نظر ان معلومات پر انحصار نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ کو اپنی صحت کے حوالے سے کوئی خدشہ ہے، تو آپ کو اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کرنا چاہیے۔ ان معلومات کی غیر درستگی یا فریق ثالث کی معلومات مثلاً ان ویب سائیٹوں پر موجود معلومات، جن کے ساتھ ہم مربوط ہیں، کی غیر درستگی کی بناء پر ہونے والے کسی طرح کے نقصان کے لیے میک ملن (Macmillan) کوئی ذمہ داری قبول نہیں کر سکتی۔

© میک ملن کینسر اسپورٹ (Macmillan Cancer Support) 2021۔ انگلینڈ اور ویلز (261017)، سکاٹ لینڈ (SC039907) اور دی آئل آف مین (604) میں رجسٹر شدہ چیریٹی۔ رجسٹر شدہ دفتر 89 Albert Embankment, London SE1 7UQ۔

Trusted Information Creator

Patient Information Forum

Cancer and coronavirus: Urdu

# Cancer and coronavirus

This information is about coronavirus if you have cancer. There are things you can do to protect yourself and other people from coronavirus. There is also information about the coronavirus vaccine.

If you have any questions about this information, ask your doctor or nurse at the hospital where you are having treatment.

You can also call Macmillan Cancer Support on freephone **0808 808 00 00**, 7 days a week, 8am to 8pm. We have interpreters, so you can speak to us in your own language. When you call us, please tell us in English which language you need (say "Urdu").

We have more information about coronavirus on our website at **macmillan.org.uk/coronavirus**

## This information is about:

- What is coronavirus?
- What if I have cancer?
- What will happen to my cancer treatment?
- What is the coronavirus vaccine?
- How Macmillan can help you
- Word list
- More information in your language
- References and thanks

## What is coronavirus?

Coronavirus is sometimes called COVID-19. It is a virus that can affect your lungs. This virus can give you a lung infection which can make you very ill. Some people die from it.

### How do people get coronavirus?

The virus spreads from person to person. You can get it if you are near someone with the virus. You can also get it by touching a surface that has the virus on it.

### How will coronavirus make me feel?

If you have coronavirus, you may feel unwell. You might:

- have a cough that does not stop
- feel hot or shivery with a high temperature (over 37.5°C [99.5°F])
- not be able to smell or taste properly.

If you have cancer and feel unwell, call your cancer doctor or hospital right away for advice.

Some people with coronavirus do not feel unwell. They can still spread the virus to other people.

If you think you might have coronavirus you must stay at home. This is to stop you spreading coronavirus to others. Tell your doctor if you think you might have coronavirus.

### How will I know if I have coronavirus?

You can have a free test that will tell you if you have coronavirus. A trained person will test you or you can order a home test. You can get home tests with instructions in other languages. For the test, they will usually swab the back of your throat and your nose. The swab looks like a long cotton bud.

You will need to be tested within days of having symptoms. Testing rules are different in:

- England – visit www.gov.uk to find out more
- Scotland – visit www.gov.scot to find out more
- Wales – visit www.gov.wales to find out more
- Northern Ireland – visit www.publichealth.hscni.net to find out more

You should get your results in 1 to 3 days. If you are worried after getting your results you could talk to someone about how you feel.

## What if I have cancer?

If you have cancer, you may be more at risk of becoming very ill if you have coronavirus.

The parts of the body that fight viruses and infections are called the immune system. Some types of cancer and its treatments can make your immune system weaker. This means your body may not fight the coronavirus well.

## How can I protect myself if I have cancer?

There are things you can do to protect yourself:

- Get a coronavirus vaccine when it is offered to you
- Wear a mask when you are with other people or outside your house. This must cover your mouth and nose.
- Avoid places that are very busy
- Do not stand close to people and try to stay 2 metres apart
- Clean your hands often
- If you are indoors with people who are not in your household keep doors and windows open for fresh air

Book a test if you think you have coronavirus.

## Shielding

At the start of the pandemic some people were told to shield. This meant staying indoors at all times and staying away from other people. It was to protect people with certain illnesses who might become very unwell if they had coronavirus.

Shielding is no longer advised. But people who were shielding should continue to be careful and protect themselves. This includes having a vaccination and checking any guidance for your local area. You can get the latest rules on the internet. You should be able to get the rules and advice in different languages and formats.

Some people want to continue shielding, Others are relieved to stop. It's a personal choice that you can think about for yourself and discuss with those close to you.

## How can I take care of myself?

It is really important to look after your health if you have cancer. These can make your immune system stronger. This can help you cope better with cancer treatment. The best things to do are:

- eat healthily
- drink lots of water or other fluids
- keep moving your body
- get enough rest
- talk about how you are feeling to other people.

We have more information about healthy eating in your language at **macmillan.org.uk/translations**

## What will happen to my cancer treatment?

You might be worried about having cancer treatment, but you should have your treatment as planned. Talk to your doctor and nurse if you are worried about this.

You might be waiting for a scan or test. The cancer teams will still:

- diagnose cancer
- treat cancer
- give people the care they need.

You must wear a mask if you are having tests or treatment in a hospital or clinic. You may be tested for coronavirus before your treatment.

You might be worried about getting a vaccine if you are having cancer treatment. It is safe to have the vaccine. Your doctor can talk to you about the best time to have it. The vaccine may not work as well if you are having some cancer treatments. But it will still help to protect you from coronavirus.

## What is the coronavirus vaccine?

A vaccine is a medicine that helps to keep you safe from an illness. It is important that you get a coronavirus vaccine as this will help your immune system to protect you. This means that you are less likely to get very unwell with coronavirus.

Doctors want all adults to get the vaccine. If you have cancer, you should have the vaccine as soon as you can. This is because you will be at risk of being very unwell if you get coronavirus. Doctors have tested the vaccines to make sure they are safe to use.

Your doctor will tell you when you can get your vaccine. It is important to get the vaccine when your doctor tells you.

**How will I get my vaccine?**

A doctor or nurse will give you the vaccine as an injection (jab) in your arm.

You will get the vaccine twice. You get your second vaccine 3 to 12 weeks after the first one.

The first vaccine starts to protect you 2 to 3 weeks after you have it. The second vaccine protects you for a longer time. It is important to get both doses of the vaccine.

### What happens after I get the vaccine?

You will still need to be careful after you have had the vaccine. The vaccine may not stop the virus spreading. But it should stop you becoming very poorly if you get coronavirus. You must still follow the rules in this information to stay safe after getting your vaccine.

## How Macmillan can help you

Macmillan is here to help you and your family. You can get support from:

- **The Macmillan Support Line (0808 808 00 00)**. We have interpreters, so you can speak to us in your language. Just tell us, in English, the language you want to use. We can answer medical questions, give you information about financial support, or talk to you about your feelings. The phone line is open 7 days a week, 8am to 8pm.

- **The Macmillan website (macmillan.org.uk)**. Our site has lots of English information about cancer and living with cancer. There is more information in other languages at **macmillan.org.uk/translations**

- **Information and support services**. At an information and support service, you can talk to a cancer support specialist and get written information. Find your nearest centre at **macmillan.org.uk/informationcentres** or call us. Your hospital might have a centre.

- **Local support groups** – At a support group you can talk to other people affected by cancer. Find a group near you at **macmillan.org.uk/supportgroups** or call us.

- **Macmillan Online Community** – You can also talk to other people affected by cancer online at **macmillan.org.uk/community**

## More information in your language

We have information in your language about these topics:

| Types of cancer | Coping with cancer |
|---|---|
| • Breast cancer<br>• Large bowel cancer<br>• Lung cancer<br>• Prostate cancer<br><br>**Treatments**<br><br>• Chemotherapy<br>• Radiotherapy<br>• Surgery | • If you are diagnosed with cancer – a quick guide<br>• Eating problems and cancer<br>• End of life<br>• Financial support – benefits<br>• Financial support – help with costs<br>• Healthy eating<br>• Tiredness (fatigue) and cancer<br>• Side effects of cancer treatment<br>• What you can do to help yourself |

To see this information, go to **macmillan.org.uk/translations**

## References and thanks

This information has been written and edited by Macmillan Cancer Support's Cancer Information Development team. It has been translated by a translation company.

The information included is based on the Macmillan's online information about cancer and coronavirus at **macmillan.org.uk/coronavirus**

This information has been reviewed by relevant experts and approved by Dr Tim Iveson, Consultant Medical Oncologist and Macmillan Chief Medical Editor and Rosie Loftus, Macmillan Chief Medical Officer.

All our information is based on the best evidence available. For more information about the sources we use, please contact us at **cancerinformationteam@macmillan.org.uk**

MAC18794_Urdu

Content reviewed: 2021

Next planned review: 2024

We make every effort to ensure that the information we provide is accurate but it should not be relied upon to reflect the current state of medical research, which is constantly changing. If you are concerned about your health, you should consult your doctor. Macmillan cannot accept liability for any loss or damage resulting from any inaccuracy in this information or third-party information such as information on websites to which we link.

© Macmillan Cancer Support 2021. Registered charity in England and Wales (261017), Scotland (SC039907) and the Isle of Man (604). Registered office 89 Albert Embankment, London SE1 7UQ.

Trusted Information Creator

Patient Information Forum